Government of Balochistan

FINANCE DEPARTMENT

Balochistan Education Endowment Fund

(A Public Sector Company Setup u/s 42 of Companies Act, 2017)

House. 116/40-A, 5th Street, Near Main Jamia Mosque, Jinnah Town, Quetta

Telephone: 081-2870015

Web: www.beef.org.pk Email: ceo.beef@balochistan.gov.pk

بیف اسکالرشپ مکمل تعلیمی اخراجات کے ساتھ

حکومتِ بلوچستان کے ذیلی ادارہ بلوچستان ایجوکیشن اینڈ وومنٹ فنڈ کے زیر انتظام بلوچستان کے وہ ہونہار طلباء و طالبات جو ملک کے مندرجہ ذیل نامور اداروں میں 4/5 سالہ BS پروگرام کے لئے داخلہ کے خواہش مند ہیں، کے لئے فُلی فنڈڈ اسکالرشپس دستیاب ہیں۔ پروگرام سے استعفادہ حاصل کرنے کیلئے ان اداروں میں داخلہ لینا طلباء کی اپنی ذمہ داری ہے۔ تاہم نشستوں کی متوقع تعداد، بیف پالیسی اور معیار کے مطابق انہیں فُلی فنڈڈ اسکالرشپ کے لئے منتخب کیا جاسکے گا۔

4/5 سالہ BS پروگرام:

۱۔ یونیورسٹی آف پنجاب لاہور

۲۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور

۳۔ لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائینسز

۴۔ غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ سوابی

۵۔ اسلامیہ یونیورسٹی بھاولپور

۶۔ انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کراچی

۷۔ انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن سکھر

۸۔ نیشنل کالج آف آرٹس لاہور

۹۔ FAST فاسٹ نیشنل یونیورسٹی اسلام آباد

۱۰۔ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

۱۱۔ نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اسلام آباد

۱۲۔ بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان

۱۳۔ COMSATS اسلام آباد

۱۴۔ SZABIST کراچی

۱۵۔ قائدِ اعظم یونیورسٹی اسلام آباد

۱۶۔ فارمین کرسچن کالج لاہور

اہلیت:

۱۔ صرف بلوچستان کے لوکل یا ڈومیسائلڈ طلباء و طالبات اہل ہیں۔

۲۔ داخلہ کے وقت عمر 23 سال سے زیادہ نہ ہو۔

۳۔ مندرجہ بالا میں سے کسی بھی ادارے میں 4/5 سالہ BS پروگرام میں داخلہ لیا ہو۔

۴۔ انٹرمیڈیٹ میں 60% سے کم مارکس والے امیدوار اہل نہیں ہوں گے۔

۵۔ A Levels یا انٹرمیڈیٹ کے مساوی ڈگری والے بھی اہل ہوں گے بشرطیکہ IBCC کا ایکویلنس سرٹیفیکیٹ رکھتے ہوں تاہم مارکس کی کم از کم شرح 60% ہے۔

۶۔ انٹرمیڈیٹ پہلی کوشش میں پاس کیا ہو۔ فیل شدہ اور دوسری کوشش میں پاس کرنے والے امیدوار اہل نہیں ہوں گے۔ مارکس امپروومنٹ والے اہل ہوں گے بشرطیکہ مارکس امپروومنٹ اگلے فوری امتحان (Next immediate exam) میں کی گئی ہو۔

۷۔ انٹرمیڈیٹ پاس کرنے اور یونیورسٹی میں داخلہ لینے میں 2 سال سے زیادہ کا وقفہ نہ ہو۔

۸۔ کسی بھی فرد یا ادارے سے کسی بھی قسم کی کوئی اور اسکالرشپ لینے والے اس پروگرام کے لئے نااہل ہیں۔

طریقہ کار:

۱۔ داخلہ لینا طالبعلم کی ذمہ داری ہے

۲۔ ہر ادارے کے لئے سالانہ چالیس لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں تاہم ادارے کے اخراجات کے مطابق نشستوں کی تعداد کا حتمی تعین کیا جائے گا۔

۳۔ متعلقہ ادارے میں بلوچستان کے جتنے طلباء نے داخلہ لیا ہوگا ان سب کی تفصیل ادارے سے منگوائی جائے گی تاکہ میرٹ کا تعین کیا جاسکے۔ تاہم متوقع نشستوں کے مطابق اسکالرشپ کے لئے انٹرمیڈیٹ میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر طلباء و طالبات کا انتخاب کیا جائے گا۔ اسکالرشپ کے حصول کی ترجیحات مندرجہ ذیل ہیں:۔

پہلی ترجیح: جن طلباء و طالبات نے داخلے کی اہلیت کا امتحان بلوچستان کے سرکاری تعلیمی اداروں سے پاس کیا ہو۔

دوسری ترجیح: (پہلی ترجیح میں نشستیں رہ جانے کے بعد) جن طلباء و طالبات نے داخلے کی اہلیت کا امتحان بلوچستان کے پرائیوٹ تعلیمی اداروں سے پاس کیا ہو۔

تیسری ترجیح: (پہلی و دوسری ترجیح میں نشستیں رہ جانے کے بعد) بلوچستان کے علاوہ ملک کے کسی بھی تعلیمی ادارے سے داخلے کی اہلیت کا امتحان پاس کرنے والے طلباء و طالبات۔

۴۔ سلیکشن کے بعد اسکالرشپ کا تسلسل برقرار رکھنے کے لئے کم از کم 60% مارکس یا 2.5CGPA اور 75% حاضری برقرار رکھنی ہوگی۔ مزید برآں سمسٹر فریز یا ڈگری یا کلاس یا ادارہ چھوڑنے یا مضمون کی تبدیلی پر اسکالرشپ ختم کر دی جائے گی۔

۵۔ اسکالرشپ پیکج میں ادارے کی فیس، میس و ہاسٹل کے اخراجات اور ایک بار یکمشت ذاتی جیب خرچ شامل ہیں۔

۶۔ پروگرام پر بیف کے دیگر تمام قوانین یکساں طور پر لاگو ہیں۔

مزید معلومات کے لئے بیف کی ویب سائٹ www.beef.org.pk، فیس بک پیج یا دفتری اوقات میں پروگرام منیجر (پالیسی اینڈ کوارڈنیشن) سے رابطہ کریں۔

(قاضی شہریار خان)

پروگرام منیجر (پالیسی اینڈ کوارڈنیشن)

بیف آفس، عقب مرکزی جامع مسجد جناح ٹاؤن، کوئٹہ